Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

اعلیٰ عدالتوں کے سینئر ججز کو یکے بعد دیگرے دھمکی آمیز خطوط کی موصولی کا معاملہ

تحریک انصاف نے ججز کو زہریلے مواد پر مشتمل دھمکی آمیز خطوط کی ترسیل ججز کو ہراساں کرنے کی حکومتی سازش قرار دے دیا

تحریک انصاف کا دھمکی آمیز خطوط کے سلسلے کی فوری اور جامع تحقیقات کا مطالبہ

سپریم کورٹ کی جانب سے از خود نوٹس کیس کی کارروائی کے آغاز کے بعد زہریلے مواد پر مشتمل خطوط کے سلسلے میں تیزی کا مقصد عدالتوں میں خوف اور بے یقینی کا ماحول پیدا کرنا ہے،

ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت مشتبہ خطوط کی ترسیل کے ذریعے ججز کو خوف اور دباؤ کا شکار کرتے ہوئے قانون و انصاف پر مبنی فیصلوں سے باز رکھنے کی کوشش کی جارہی ہے،

عدلیہ کے اندر سے غیر آئینی دباؤ اور مداخلت کے خلاف اٹھنے والی آوازوں کے بعد نظامِ عدل کو مزید دباؤ کا شکار کرنے والے عناصر کا تعین ناگزیر ہے، خاص طور پر تحریک انصاف سے متعلقہ مقدمات کی سماعت کرنے والے ججز کو خطوط بھیجنے کا مقصد واضح طور پر عدالتی فیصلوں پر اثرانداز ہونا ہے،

اعلیٰ عدلیہ کے ججز کو یکے بعد دیگرے 'مشکوک' لفافوں کی ترسیل انتہائی سنجیدہ معاملہ اور عدلیہ پر براہِ راست حملہ ہے، معاملے کی فوری اور جامع تحقیقات کرتے ہوئے عدلیہ پر حملہ آور عناصر کو جلد از جلد قانون کی گرفت میں لایا جائے،

دھمکی آمیز خطوط کے سلسلے کے تناظر میں اعلیٰ عدلیہ کے تمام معزز ججز اور ان کے اہلخانہ کا تحفظ اور سلامتی یقینی بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں،

تحریک انصاف عدلیہ کیساتھ کھڑی ہے اور عدلیہ پر حملہ آور ہونے یا ججز کو دباؤ میں لانے کی کسی بھی کوشش کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ